# مطبوعات

**تفسیر آیت النور** تالیف: مولانا شاہ رفیع الدین المحدث الدہلوی۔ مرتبہ: مولانا عبد الحمید الصواتی۔ شائع کردہ: مدرسہ نصرت العلوم، گوجرانوالہ، مغربی پاکستان۔ صفحات ۴۸۔ قیمت ا روپیہ ۲۵ نئے پیسے۔

حضرت شاہ ولی اللہ نے اپنی کتاب سطعات میں آیت نُور کی تفسیر کرتے ہوئے عالم شہادت اور عالم مجرد کے درمیان ربط و تعلق کے بارے میں نہایت ہی دقیق علمی بحث کی ہے۔ شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند ارجمند شاہ رفیع الدینؒ نے زیر تبصرہ کتاب میں اُن نکات کی وضاحت فرمائی ہے جن کی طرف اُن کے والد بزرگوار نے بڑے لطیف پیرائے میں اشارہ فرمایا تھا۔ اس اعتبار سے یہ قابلِ قدر رسالہ بھی حکمت ولی اللہ کی تسہیل کے لیے کلید کا کام دے سکتا ہے۔ حضرت شاہ رفیع الدین کے بعض دوسرے رسائل کی طرح یہ رسالہ بھی نفسِ مضمون کے لحاظ سے کافی مشکل ہے اس لیے صرف اہلِ علم ہی اس سے صحیح طور پر فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

مدرسہ نصرت العلوم کے اربابِ اختیار خاص طور پر مولانا عبد الحمید صاحب سواتی ہدیۂ تبریک کے مستحق ہیں کہ انہوں نے شاہ رفیع الدین کی نایاب کتب کی نشر و اشاعت کا بیڑا اٹھایا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں اس علمی خدمت کے لیے جزائے خیر دے۔

**عبوری اسلامی قانون** تالیف جناب محمد علیم صاحب جالندھری۔ شائع کردہ: بشیر پرنٹنگ پریس، جھنگ صدر۔ صفحات ۱۳۶۔ قیمت درج نہیں۔

یہ رسالہ ایک دردمند مسلمان اور تجربہ کار پولیس افسر جناب محمد علیم جالندھری کا نتیجۂ فکر ہے۔ اس میں انہوں نے بڑی دیدہ وری کے ساتھ رائج الوقت قانون کے غیر اسلامی اجزا پر تنقید کی ہے